# کینٹونمنٹ بورڈ حیدرآباد

فون نمبر: 022-9200105
فیکس نمبر: 022-9200102

مورخہ 21، اپریل، 2025

## ﴾سرمایہ کاری کا سنہری موقع﴿

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ حیدرآباد کی حدود میں خوب صورت محلِ وقوع کینٹونمنٹ مال پریم پارک سول لائن حیدرآباد کینٹ کے نئے تعمیر شدہ 01 عدد فلیٹ فرسٹ فلور اور 03 عدد فلیٹس سیکنڈ فلور کے حقوق کرایہ داری بعوض نان ریفنڈ ایبل سیکیورٹی (Non-Refundable Seucrity) بذریعہ نیلام عام مورخہ 2025-05-05 بوقت 02:00 بجے دن کو دفتر کینٹونمنٹ بورڈ حیدرآباد میں ہوگی مذکورہ تاریخ کو اگر ناگزیر وجوہات کی بناء پر نیلام عام نہ ہوسکا تو دوبارہ نیلام عام مورخہ 2025-05-06 بوقت 02:00 بجے، اور سہ بارہ نیلام عام مورخہ 2025-05-07 بوقت 02:00 بجے منعقد ہوگا۔ خواہشمند حضرات اس سنہری موقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے مذکورہ بالا نیلامی میں شرکت فرمائیں۔ نیلامی کے لئے مقرر کردہ شرائط وضوابط دفتری اوقات کار میں کینٹونمنٹ بورڈ میں ملاحظہ کئے جاسکتے ہیں علاوہ ازیں PPRA کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk اور دفتر کینٹ بورڈ کی ویب سائٹ www.cbhyd.gov.pk پر بھی دیکھی جاسکتی ہیں۔

| نمبر شمار | فلیٹ نمبر | فلور | سائز | ماہانہ کرایہ فی فلیٹ | زرضمانت / کال ڈیپازٹ فی فلیٹ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | فلیٹ نمبر 04 | فرسٹ فلور | 1705 Sq ft | 10 روپے فی مربع فٹ | 20,00,000 روپے |
| ۲ | فلیٹ نمبر 06 | سیکنڈ فلور | 1705 Sq ft | 08 روپے فی مربع فٹ | 20,00,000 روپے |
| ۳ | فلیٹ نمبر 07 | سیکنڈ فلور | 1705 Sq ft | 08 روپے فی مربع فٹ | 20,00,000 روپے |
| ۴ | فلیٹ نمبر 08 | سیکنڈ فلور | 1705 Sq ft | 08 روپے فی مربع فٹ | 20,00,000 روپے |

### نیلامی کی شرائط وضوابط مندرجہ ذیل ہیں

1- ہر فلیٹ کی نیلامی میں حصہ لینے کے لیئے زرضمانت / کال ڈیپازٹ مبلغ -/20,00,000 روپے (بیس لاکھ روپے) علیحدہ علیحدہ جمع کروانا ہونگے۔

2- ہر فلیٹ کی نیلامی کا آغاز الگ الگ سرکاری بولی سے کیا جائے گا جسکا موقع پر اعلان کیا جائے گا۔

3- نیلامی میں حصہ لینے والے حضرات بطور زرضمانت / کال ڈیپازٹ بنام زیر دستخطی بمعہ اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی کے ساتھ جمع کرائیں گے۔ پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندگان کے علاوہ باقی تمام بولی دہندگان کو ان کے کال ڈیپازٹ نیلامی کے اگلے روز واپس کردیے جائیں گے۔

4- کامیاب بولی دہندگان کو کل رقم کا 25% فیصد بولی والے دن اور بقایا 75% فیصد رقم بمعہ انکم ٹیکس (گورنمنٹ کے مروجہ قانون کے مطابق) بورڈ کی منظوری کے بعد اندر معیاد 15 یوم جمع کروانا ہونگے۔ بصورت دیگر زرضمانت بمعہ جمع شدہ بولی کی رقم بحق حیدرآباد کینٹونمنٹ بورڈ ضبط ہوجائے گی۔

5- کامیاب بولی دہندہ کو نیلامی کی منظوری کے پندرہ (15) یوم کے اندر اندر نان جوڈیشل (Non-Judicial) اسٹامپ پیپر پر تحریری معاہدہ کرنا ہوگا۔

6- ماہوار کرایہ قبضہ دینے کی تاریخ سے لاگو ہوگا۔ کرایہ کینٹونمنٹ بورڈ کے دفتر میں ہر ماہ کی دس تاریخ تک ادا کیا جائے گا کرایہ وقت پر ادا نہ کرنے کی صورت میں کرائے کا معاہدہ (Agreement) منسوخ کیا جاسکے گا۔ اور فلیٹ کا قبضہ واپس لے لیا جائے گا۔ اور اس سلسلے میں کوئی دعویٰ قابل قبول نہ ہوگا۔

7- تمام فلیٹ کی حقوقِ کرایہ داری کی پہلی مدت پانچ (5) سال کے لیئے ہوگی اس دوران کرائے میں تبدیلی نہیں ہوگی۔ اسکے بعد ہر تین سال بعد کرائے نامہ قابلِ تجدید ہوگا۔ جس میں کرایہ بڑھانے کا اختیار کینٹونمنٹ بورڈ کو حاصل ہوگا۔ جو کہ کینٹونمنٹ بورڈ پراپرٹی رولز 1957 کے تابع ہوگا۔

8- فلیٹ کی پہلی حقوقِ کرایہ داری کرایہ دار کی مرضی سے اندر معیاد پانچ (5) سال مجوزہ ٹرانسفر فیس کی ادائیگی کے بغیر ہوسکے گی۔

9- تعمیر شدہ فلیٹ کے اندر ہر قسم کی تنصیبات، فٹنگ، فرنیچر اور سالانہ رنگ وروغن اور ضروری مرمت وغیرہ کرائے دار کی ذمہ داری ہوگی۔ اور اس سلسلے میں کسی قسم کا دعویٰ قابلِ قبول نہ ہوگا۔

10- بجلی، گیس وغیرہ کے حصول کے لیے کرایہ دار از خود متعلقہ اداروں سے کنکشن حاصل کرے گا جسکے لیے ضروری اجازت نامہ (NOC) دفتر کینٹونمنٹ بورڈ حیدرآباد سے حاصل کیا جاسکے گا۔ تمام یوٹیلیٹی بلز کی بروقت ادائیگی کرائے دار کی ذمہ داری ہوگی۔

11- درج بالا شرائط وضوابط پر پورا نہ اتر سکنے کی صورت میں زرضمانت بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط کرلی جائے گی۔

12- زیر دستخطی اور کینٹونمنٹ بورڈ کسی بھی بولی کو تکنیکی بنیاد پر PPRA RULES کے مطابق وجہ بیان کرکے مسترد کرنے کا مجاز ہوگا۔

13- نیلامی کا نوٹس وشرائط وضوابط پیپرا PPRA کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk اور دفتر کینٹ بورڈ کی ویب سائٹ www.cbhyd.gov.pk پر بھی موجود ہے۔

المشتہر

چیف ایگزیکٹو آفیسر
حیدرآباد چھاؤنی

CamScanner